تبصرے اور تاثرات

افکار معلم، لاہور

جون ۲۰۰۰ء

زیر نظر شمارہ "السیرۃ عالمی" شمارہ نمبر ۲، سیرت طیبہ، اسوہ حسنہ، تعلیمات نبوی اور معارف نبوی ﷺ کے حوالے سے گراں قدر نگارشات کا حامل ہے۔ تمام مقالات، سیرت النبی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر مستند اور معتبر حوالوں سے مزین ہیں۔ مقالہ نگار حضرات ملک کی معروف علمی شخصیتیں ہیں۔ کوئی مضمون ایسا نہیں جو ہماری روزمرہ زندگی سے غیر متعلق ہو بلکہ تمام مضامین ہمارے انفرادی اور اجتماعی معاملات میں نہایت روشن اور واضح رہنمائی کے حامل ہیں۔

اداریئے میں "عدم برداشت اور تعلیمات نبوی ﷺ" کے عنوان سے قرآن و حدیث سے یہ واضح کیا گیا ہے کہ ہماری زندگی میں تحمل اور برداشت کا رویہ کس قدر اہم ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ سے مثالیں دے دے کر اس حقیقت کو ذہن نشین کرانے کی کوشش کی گئی ہے کہ صبر، برداشت، تحمل اور صلح و انصاف کی دینا سلام میں کتنی زیادہ اہمیت ہے اور حضور اکرم ﷺ کی پوری زندگی ان ہی صفات کی مظہر ہے۔ لیکن آج ہماری انفرادی اور اجتماعی زندگی عدم برداشت کے باعث ہمارے لئے گوناگوں مسائل اور آزار کا ناقابل برداشت انبار بن گئی ہے۔ سیرت النبی ﷺ کا مطالعہ عمر بھر جاری رہنا چاہئے اور اردو میں بہت عمدہ کتابیں بھی اس موضوع پر لکھی جارہی ہیں، زیر نظر مجلّہ بھی ہر پڑھے لکھے آدمی کی سیرت النبی ﷺ کے مطالعے کی ضرورت پوری کرتا ہے، اسے ہر لائبریری کی زینت بننا چاہئے۔

تعمیر افکار، کراچی

اگست ۲۰۰۰ء

پاکستان کے علمی حلقے عموماً اور کراچی میں خصوصاً سید زوّار حسین شاہ صاحب رحمہ اللہ